پی سی بی نے میچ آفیشلز کے سپلیمنٹری پینل کے لیے ماہوار وظیفے کا اعلان کر دیا

لاہور، 25 ستمبر 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے میچ آفیشلز کے سپلیمنٹری پینل کو ماہوار وظیفہ جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پہلی مرتبہ ہوگا کہ اس کٹیگری کے میچ آفیشلز کو پی سی بی ماہوار وظیفہ دے گا۔

23 رکنی اس پینل میں 15 امپائرز اور 8 میچ ریفریز شامل ہیں، جنہیں ماہوار 25 ہزار روپے وظیفہ ملے گا۔

اس سے قبل پی سی بی صرف انٹرنیشنل اور ایلیٹ پینل میں شامل میچ آفیشلز کو ماہوار وظیفہ دیا کرتا تھا۔ انٹرنیشنل پینل کا ماہوار وظیفہ 132250 روپے اور ایلیٹ پینل کو ماہوار 69575 روپے ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ پی سی بی اپنے تمام میچز آفیشلز کو میچ فیس (10 ہزار روپے روزانہ) اور ڈیلی الاؤنس (2500 روپے روزانہ) دینے کے ساتھ ساتھ ان کے سفری اور رہائشی اخراجات بھی اٹھاتا ہے۔

لہٰذا، اب میچ آفیشلز کسی ایک چار روزہ میچ میں 52 ہزار روپے تک کما سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ محدود طرز کی کرکٹ میں اب ہر میچ میں 15 ہزار روپے کما سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں، پی سی بی اپنے میچ اسکوررز کا بھی خیال رکھے ہوئے ہے۔ ایک ڈومیسٹک میچ میں میچ اسکورر کو 7500 روپے روزانہ ملیں گے۔ اس کے علاوہ انہیں اس میچ میں 2500 روپے ڈیلی الاؤنس بھی ملے گا۔ پریکٹس میچ میں اسکورر کو روزانہ 1500 روپے میچ فیس اور 2000 روپے ڈیلی الاؤنس ملے گا۔ ڈومیسٹک اور ایج گروپ کرکٹ میں پی سی بی انہیں لاجسٹک سہولیات بھی مہیا کرتا ہے۔

بلال قریشی، منیجر امپائرز:

منیجر امپائرز پی سی بی بلال قریشی کا کہنا ہے کہ میچ آفیشلز کرکٹ کے ڈھانچے اور پی سی بی کا اہم حصہ ہیں۔ پی سی بی ہمیشہ ان کا خیال رکھتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ پی سی بی ان کی قدر کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ انہیں پی سی بی کی جانب سے سفری اور رہائشی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس سیزن سے پی سی بی نے سپلیمنٹری پینل میں شامل میچ آفیشلز کو ماہوار وظیفہ دینے کا بھی اعلان کردیا ہے۔

بلال قریشی کا کہنا ہے کہ پی سی بی زیادہ سے زیادہ سابق کھلاڑیوں کو اس پیشہ میں لانے کی کوشش کررہا ہے اور اس ضمن میں انہیں زیادہ سے زیادہ سہولیات بھی فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہیں۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Pakistan team media and digital manager
E: Ibrahim.Badees@pcb.com.pk
M: + 92 (0) 304 097 8327
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.